HINO

FAX NO. 111-573-329

November 07, 2022

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Subject: **Notice of Extraordinary General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of Extraordinary General Meeting to be held on November 29, 2022 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours Sincerely,

**ABDUL BASIT**
COMPANY SECRETARY

Encl: As above.

**Hinopak Motors Limited**
Head Office: D-2, S.I.T.E., Manghopir Road, P.O. Box No. 10714, Karachi-75700. Tel: 32563510 (9 Lines) 32563525 (3 Lines
UAN : 111- 25-25-25, Fax: 3256-3028 E-Mail: info@hinopak.com Web site : www.hinopak.com

# HINOPAK MOTORS LIMITED

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

NOTICE IS HEREBY GIVEN that the Extraordinary General Meeting of the Shareholders of Hinopak Motors Limited, “the Company”, will be held at the Registered office of the Company, situated at D-2, S.I.T.E., Manghopir Road, Karachi, on Tuesday, November 29, 2022 at 09:30 a.m. for transacting the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

To elect Seven (7) Directors as fixed by the Board of Directors of the Company in accordance with the provisions of Section 159 of the Companies Act, 2017 for a term of three years, commencing from December 03, 2022. The names of retiring directors, who are eligible for re-election are:

i) Mr. Muhammad Aslam Sanjrani
ii) Mr. Takayuki Kizawa
iii) Mr. Akira Uchida
iv) Ms. Nargis Ali Akbar Ghaloo
v) Mr. Mushtaq Malik
vi) Mr. Koji Nagata
vii) Mr. Takuji Umemura

**ANY OTHER BUSINESS**

To transact any other business with the permission of the chair.

By order of the Board

Karachi:
November 08, 2022

**ABDUL BASIT**
Company Secretary

**Notes:**

**i) Online Participation in the Extraordinary General Meeting (EOGM)**

The shareholders who are interested in attending the EOGM proceedings online are advised to send the following information along with valid copy of both sides of CNIC with the subject “Registration for Hinopak Motors Limited EOGM” at info@hinopak.com for their/their appointed proxy’s verification latest by November 22, 2022.

| Shareholder Name | Folio / CDC No. | No. of shares held | CNIC No. | Cell No. | Registered Email ID |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

A detailed procedure shall be communicated through email directly to the shareholders who have provided their valid email IDs and the same shall be placed at the Company’s website https://www.hinopak.com in the Corporate section.

Shareholders can also provide their comments/suggestions for the agenda items of the EOGM at the email address info@hinopak.com.

**ii) Closure of Share Transfer Books**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from November 22, 2022 to November 29, 2022 (both days inclusive). No transfer will be accepted for registration during this period. Transfers received at Share Registrar Office, M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited, at the close of business on November 21, 2022, will be treated in time to attend and vote at the meeting.

**iii) For Attending the Meeting**

In case of individuals, the Account Holders of sub-account holders and/or the persons whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate their identity by showing original Computerized National Identity Cards (CNIC) or original passport at the time of attending the Meeting.

In case of a corporate entity, the Board of Directors’ Resolution/Power of Attorney with the specimen signature of the nominee shall be produced (if it has not been provided earlier) at the time of attending the Meeting.

**iv) Proxy**

A member entitled to attend and vote at this Extraordinary General Meeting is entitled to appoint a Proxy to attend, speak and vote in his/her place at the Meeting. Instrument appointing a proxy must be deposited at the registered office of the Company, at least forty-eight hours before the time of the meeting.

To facilitate identification for right to attend the Extraordinary General Meeting, Shareholder whose holdings are on the Central Depository System (CDS) or his/her Proxy should authenticate his/her identity by showing his/her original CNIC or original Passport at the time of attending the meeting; along with the Participant's Identity Number and Shareholder's account number allocated by the Central Depository Company.

In case of corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with the specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the meeting.

**v) E-voting and Postal Ballot**

Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, for the purpose of election of directors, where in case number of contestants are more than number of directors to be elected, members will be allowed to exercise their right to vote by means of e-voting and through postal ballot in accordance with the requirements of section 143 and 144 of the Companies Act 2017 and the procedure contained in the aforesaid Regulations.

**vi) Video-link Facility to Members**

If the Company receives consent from the members holding at least 10% shareholding residing in a city, to participate in the meeting through video-link at least 07 days prior to the date of the meeting, the Company will arrange facility of video-link in that city, subject to availability of such facility in that city.

To avail this facility please provide the following information to our Share Registrar M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited.

I/We______________________________of______________, being a member of Hinopak Motors Limited, holder of____________________ ordinary share(s) as per Registered Folio/CDC Account No. ____________________ hereby opt for video conference facility at ______________________________.

__________________
Signature of Member(s)

**Statement of Material Facts under Section 166(3) of the Companies Act, 2017**

**Election of Directors**

The term of the office of the present Board of Directors of the Company is expiring on December 02, 2022. In terms of Section 159(1) of the Companies Act, 2017 (“Act”) the Board of Directors has fixed the number of Directors at Seven (7) through circular resolution no. 699/2022 dated October 25, 2022, to be elected in the Extraordinary General Meeting of the Company for a period of next three years. Any person who seeks to contest the election to the office of a Director, whether he/she is a retiring director or otherwise, shall file the following documents with the Company Secretary, at the Registered Office of the Company, located at D-2, S.I.T.E., Manghopir Road, Karachi, not later than 14 days before the date of the Extraordinary General Meeting:

a) Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election to the office of Director in terms of section 159(3) of the Companies Act, 2017;
b) Consent to Act as Director in Form-28, as prescribed under the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018;
c) A detailed profile along with his/her office address;
d) Declaration in respect of being compliant with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the eligibility criteria, as set out in section 153 of the Companies Act, 2017 to act as director or an independent director of a listed company;
e) Attested copy of valid CNIC and NTN;
f) Independent Director(s) will be elected through the process of election of director in terms of section 159 of the Act and they shall meet the criteria laid down in Section 166 of the Act, and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations 2018, accordingly the following additional documents are required to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as an independent director:

- Declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019;
- Undertaking on non-judicial stamp paper that he/she meets the requirements of sub-regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

The final list of contesting directors will be circulated not later than seven days before the date of said meeting, in terms of section 159(4). Further, the website of the Company will also be updated with the required information.

HINO

# ہینو پاک موٹرز لمیٹڈ

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ہینو پاک موٹرز لمیٹڈ ''کمپنی'' کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام بتاریخ 29 نومبر 2022، بروز منگل، 9:30 بجے صبح کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام D-2، سائٹ، منگھوپیر روڈ، کراچی پر درج ذیل کارروائی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ تعداد کے مطابق 3 دسمبر 2022 سے شروع ہونے والی 3 سال کی مدت کیلئے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونیوالے ڈائریکٹرز کے نام جو دوبارہ انتخاب کیلئے اہل ہیں:

i) جناب محمد اسلم سنجرانی
ii) جناب تاکایوکی کزاوا
iii) جناب اکیرا او چیدا
iv) محترمہ نرگس علی اکبر گھلو
v) جناب مشتاق ملک
vi) جناب کوجی نگاتا
vii) جناب تاکوجی امیمورا

**دیگر امور**

چیئرمین کی اجازت سے کوئی دیگر کارروائی عمل میں لانا۔

بحکم بورڈ

**عبدالباسط**
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
8 نومبر 2022

**گزارشات:**

**i) غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) میں آن لائن شرکت:**

شیئر ہولڈرز جو غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی میں بذریعہ آن لائن شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں، اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی/اپنے مقرر کردہ پراکسی کی تصدیق کیلئے درج ذیل تفصیلات مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مستند نقول (دونوں جانب سے) بحوالہ ''ہینو پاک موٹرز لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاس کیلئے رجسٹریشن'' کے ساتھ 22 نومبر 2022 تک بذریعہ ای میل info@hinopak.com بھیج دیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | فولیو/سی ڈی سی نمبر | شیئرز کی تعداد | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | رجسٹریشن ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ان حصص یافتگان کو ایک تفصیلی طریقہ کار ای میل کے ذریعے براہ راست بھیج دیا جائیگا، جنہوں نے اپنی درست ای میل آئی ڈی فراہم کی ہیں، نیز اس تفصیلی طریقہ کار کو کمپنی کی ویب سائٹ https://www.hinopak.com کے کارپوریٹ سیکشن میں بھی رکھ دیا جائیگا۔

حصص یافتگان سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے یا امور سے متعلق اپنی رائے/مشورے ای میل ایڈریس info@hinopak.com پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

**ii۔ حصص منتقلی کی کتابوں کی بندش**

کمپنی کے حصص کی منتقلی کا رجسٹر 22 نومبر 2022 سے 29 نومبر 2022 تک (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔ اس دوران کسی ٹرانسفر کا اندراج قبول نہیں ہوگا۔ 21 نومبر 2022 کو بزنس کے اختتام تک شیئر رجسٹرار آفس، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو موصول ہونے والے ٹرانسفرز میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

**iii۔ اجلاس میں حاضری کیلئے**

انفرادی فرد ہونے کی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار اور/یا وہ افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہیں اور ان کی تفصیلات ریگولیشنز کے تحت اپ لوڈ کردی گئی ہیں، وہ اپنی شناخت کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں حاضری کے وقت پیش کریں گے۔

کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمع نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس عام میں حاضری کے وقت (اگر پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں) پیش کیے جائیں گے۔

**iv۔ پراکسی**

غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اختیار رکھنے والا کوئی بھی ممبر اپنی جگہ میٹنگ میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی نمائندے کو مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کے مؤثر ہونے کیلئے اطلاع نامہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیئے۔

غیر معمولی اجلاس عام میں شمولیت کو آسان بنانے کیلئے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) میں اکاؤنٹ کے حامل شیئر ہولڈرز یا ان کی پراکسی کو اجلاس میں شرکت کیلئے بطور شناخت اپنے پارٹیسپنٹ آئیڈنٹٹی نمبر اور سینٹرل ڈپازٹری سسٹم کی جانب سے مخصوص کردہ شیئر ہولڈر اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھانا لازمی ہوگا۔

کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمع نامزدگی کے دستخط کے نمونے، اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوں گے۔

**v۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلیٹ**

کمپنیز (پوسٹل بیلیٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق اگر مقررہ تعداد سے زائد امیدوار الیکشن میں حصہ لیں گے تو ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے، ممبران کو ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلیٹ کے ذریعے بھی ووٹ دینے کی اجازت ہوگی، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کی شرائط اور ریگولیشنز میں موجود طریقہ کار کے مطابق ہوگی۔

**vi۔ ممبران کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت**

اگر کمپنی کو اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کیلئے ایسے ممبران کی رضامندی اجلاس سے 7 دن قبل موصول ہوتی ہے جو کسی دوسرے شہر میں رہائش پذیر ہیں اور کم از کم 10 فیصد شیئرز کے مالک ہیں تو کمپنی اس شہر میں سہولت کی دستیابی سے مشروط ویڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کردے گی۔

برائے مہربانی یہ سہولت حاصل کرنے کیلئے درج ذیل معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں۔

میں/ہم ــــــــــــ سکنہ ــــــــــــ بطور ممبر ہینو پاک موٹرز لمیٹڈ رجسٹرڈ فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر ــــــــــــ کے مطابق ــــــــــــ عام حصص رکھنے والا/والے بذریعہ ہٰذا ــــــــــــ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

ممبر (ممبران) کے دستخط

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان**

**ڈائریکٹرز کا انتخاب**

بورڈ کے موجودہ ڈائریکٹرز کی مدت ملازمت 2 دسمبر 2022 کو ختم ہو جائے گی۔ کمپنیز ایکٹ 2017 (''ایکٹ'') کے سیکشن (1)159 کے تحت سرکلر ریزولوشن نمبر 699/2022 بتاریخ 25 اکتوبر 2022 کے ذریعے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تعداد سات (7) مقرر کی گئی ہے، جن کا انتخاب اگلے تین سال کیلئے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں کیا جائے گا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند کسی بھی شخص کو، خواہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دوسرا مندرجہ ذیل دستاویزات کمپنی سیکریٹری کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، بمقام D-2 سائٹ، منگھوپیر روڈ، کراچی پر غیر معمولی اجلاس عام سے 14 دن قبل جمع کروانی ہوں گی:

۱) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے خود کو پیش کرنے کا نوٹس؛
۲) کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کے تحت تجویز کردہ فارم 28 پر ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کی رضامندی؛
۳) تفصیلی پروفائل اپنے آفس کے پتے کے ساتھ؛
۴) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شرائط اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 میں لسٹڈ کمپنیز کے ڈائریکٹر یا آزاد ڈائریکٹر کے بیان کردہ معیار اہلیت کی تکمیل کا اقرار نامہ؛
۵) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی مصدقہ نقول؛
۶) ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت آزاد ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے ذریعے منتخب کیا جائے گا جو ایکٹ کے سیکشن 166 اور کمپنیز (میز اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے معیار اہلیت پر پورا اترتے ہوں۔ اسی مناسبت سے بطور آزاد ڈائریکٹر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدوار کو مندرجہ ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانی ہوں گی:

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2019 کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) کا اقرار نامہ؛
- غیر عدالتی اسٹیمپ پیپر پر کمپنیز (میز اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 4 کے ذیلی ریگولیشن (1) کی شرائط پر پورا اترنے کا حلف نامہ

سیکشن (4)159 کے تحت حصہ لینے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس سے 7 دن قبل جاری کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی درکار معلومات اپ ڈیٹ کی جائیں گی۔

HINO